قرارداد نمبر 1099

منجانب :۔ ~~جناب سراج الدین صاحب اور~~ محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ، اراکین صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

ہرگاہ کہ پاکستان اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا ہے اور اسلامی تعلیمات کی رو سے قرآن پاک میں بھی جمعہ کے دن ظہر کی اذان کے ساتھ ہی کاروبار بند کر کے نماز کے لئے مسجد جانے کا حکم دیا گیا ہے۔ ماضی میں ملک کے اندر جمعہ کے دن ہفتہ وار سرکاری تعطیل ہوا کرتی تھی۔ جس کے بعد اتوار کے دن تعطیل کا فیصلہ کیا گیا۔ ملک بھر میں بازاروں، مارکیٹوں اور نجی اداروں میں کہی پر جمعہ اور کہی پر اتوار کے دن ہفتہ وار تعطیل ہوتی ہے جبکہ سرکاری دفاتر میں بھی جمعہ کے دن دوپہر 12 بجے کے بعد چھٹی ہوتی ہے جس کی وجہ سے ملک کی معشیت پر بھی برے اثرات مرتب ہوتے ہیں اور سرکاری امور بھی سست روی کا شکار ہوتے ہیں۔

لہٰذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کریں کہ ملک بھر میں جمعہ کی سرکاری چھٹی کو فی الفور بحال کیا جائے تاکہ اس حوالے سے درپیش مشکلات اور مسائل سے نجات مل سکے اور عوام یکسوئی کے ساتھ جمعہ کے دن عبادات کی ادائیگی کر سکیں۔

Humaira
Humaira Khatoon
Naeema Kishwar
Adopted unanimously
01/06/2021
4:50 P.M.
Asia
آسیہ صالح خٹک